09/06/2026

09.25 AM (5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں...اعجازہ اختر

زوجیلا

سرینگر لیہہ قومی شاہراہ پر زیر تعمیر زوجیلا ٹنل کی آج بریک تھرو تقریب منعقد کی جا رہی ہے ۔اس تقریب مینروڈ ٹرانسپورٹ اور ہائی ویز کے مرکزی نتن گڈکری شامل ہو رہے ہیں۔یہ ٹنل 14کلو میٹر لمبی ہے اور اس پر 6ہزار8سو کروڑ روپے خرچ کئے جا رہے ہیں۔

پیٹرولیم

پیٹرولیم و قدرتی گیس کی وزارت نے کہا ہے کہ مغربی ایشیا میں جاری صورتحال کے باوجود ملک میں خام تیل، ایل پی جی اور قدرتی گیس کی فراہمی مکمل طور پر مستحکم ہے۔ نئی دہلی میں بین وزارتی میڈیا بریفنگ کے دوران وزارت کے ایڈیشنل سیکریٹری، Praveen Khanuja نے کہا کہ حکومت نے ایندھن کی بلاتعطل فراہمی اور توانائی کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے متعدد اقدامات کیے ہیں۔

اس موقع پر کیمیکلز و فرٹیلائزرز کی وزارت کی ایڈیشنل سیکریٹری Aparna Sharma نے میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ ملک بھر میں کھادوں کے سٹاک کی مجموعی صورتحال اطمینان بخش ہے۔

نشہ

جموں کشمیر کو نشہ کی لعنت سے پاک کرنے کیلئے جموں کشمیر نشہ مکت ابھیان کے تحت منشیات مخالف سرگرمیاں شدو مد سے جاری ہیں۔ابھیان کی شروعات کے موقعے پرلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے منشیات کے خلاف ایک واضح پیغام میں کہا۔

.....LG Byte......

ایل جی ملاقات

مفتی اعظم، مفتی ناصر الاسلام نے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔رجسٹرار آف کمپنیز، جموں و کشمیرحامد بخاری اور جموں و کشمیر سولیس ایمپلائز ورکنگ وومن ایسوسی ایشن کی چیئر پرسن ڈاکٹر عابدہ وار نے بھی لیفٹیننٹ گورنر سے ملاقات کی۔

سریندر چودھری

بھارتیہ کسان یونین کے ایک وفد نے تنظیم کے قومی ترجمان چودھری راکیش ٹکیت کی سربراہی میں نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری کے ساتھ ملاقات کی۔ وفد نے جموں و کشمیر کے کسانوں کو درپیش مختلف مسائل پر نائب وزیر اعلی کے ساتھ تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔

وفد نے نائب وزیر اعلیٰ کو ایک یادداشت پیش کی، جس میں جموں و کشمیر کے زرعی، باغبانی اور متعلقہ شعبوں کے تحفظ اور فروغ کے لیے متعدد اہم مطالبات شامل تھے۔ سریندر چودھری نے یقین دلایا کہ تمام جائز مطالبات کو ترجیحی بنیادوں پر متعلقہ محکموں کے ساتھ اٹھایا جائے گا۔

زبیر سلیم

جسم میں پانی اور نمکیات کی کمی بزرگوں کیلئے کئی طرح کے طبی مسائل پیدا کر سکتی ہے ۔اس صورتحال سے بچنے کیلئے معروف معالج اور بزرگوں کے امراض کے ماہر ڈاکٹر// زُبیر سلیم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

--Zubair Saleem--

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے یو ٹی سطح کی مردم شماری رابطہ کمیٹی کی ایک میٹنگ طلب کرکے مردم شماری 2027 کے پہلے مرحلے کے تحت جاری
ہاو

س لسٹنگ آپریشنز کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ئ

چیف سیکریٹری نے مردم شماری کے عمل کو بروقت اور درست طریقے سے مکمل کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔انہوں نے افسران کو تیاریوں کی پیش رفت پر کڑی نگاہ رکھنے ، مردم شماری کے رہنما اصولوں اور مقررہ اوقات پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنانے کی ہدایت دی۔

ADGP

آنند جین نے کل زیون سرینگر میں پولیس کی جانب سے بنائے گئےADGP پولیس کے نے اس موقعے پر کہا کہ ان سہولیات کا ADGPکا افتتاح کیا۔Gymnasium اورDry Canteen مقصد پولیس اہلکاروں کو جسمانی تندرستی بر قرار رکھنا ہے۔

IGP

انسپکٹر جنرل آف پولیس کشمیر وی کے بردی نے افسران کی ایک میٹنگ میں شری امرناتھ جی یاترا اور محرم الحرام کی تقریبات کے پرامن انعقاد کے لیے کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔

آئی جی پی نے تمام متعلقہ اداروں کے درمیان
مو

ثر رابطہ کاری اور اسٹینڈرڈ آپریٹنگ پروسیجرس پر سختی سے عمل درآمد کی اہمیت پر زور ۓ
دیا۔

لابرو

محرم الحرام 1448 ہجری کی آمد کے پیش نظر ڈپٹی کمشنر سری نگر اکشے لابرونے
شہر کے مختلف اہم امام بارگاہوں کا تفصیلی دورہ کیا۔ انہوں نے محرم الحرام کی مجالس اور
جلوسوں کے
پ

رامن اور منظم انعقاد کے لیے کیے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔±

ڈپٹی کمشنر نے انتظامیہ اور مقامی کمیٹیوں کے درمیان قریبی تال میل پر زور دیتے ہوئے
یقین دلایا کہ ضلع انتظامیہ تیاریوں کی مسلسل نگرانی کرے گی ۔

کپواڑہ

گاؤں میں کل تیندوے نے ایک اسکولی بچے کو شدید Manzpathra کپواڑہ ضلع کے چوکیبل
زخمی کر دیابعد میں وہ زخموں کی تاب نہ لا کر چل بسا ۔علاقے میں واقعے کے بعد خوف و ہرا
س پھیل گیا ہے اورمقامی باشندوں نے وائلڈ لائف محکمے سے اپیل کی ہے کہ وہ اس تیندوے کو
پکڑنے کیلئے اپنی کارروائیاں تیز کر دیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت15 اعشاریہ4ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے
کم درجہ26 اعشاریہ3 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ